Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۲۱ فروری سنہ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	مستقلی کریم اللہ انجنیئر واٹر ورکس۔	۱
۲	رخصت معاون اہلمد محاسبہ۔	۲
۳	نسبت انتظام صیغہ واٹر ورکس۔	۳
۴	رخصت شیدا علیخان [illegible]۔	۳
۵	نقشہ خزانہ محاسبہ	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۴ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب دستخط عالی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔ کریم اللہ کو بوجہ حسن انجام خدمت متعلقہ مستقل بعہدہ سینیٹری اینڈ واٹر ورکس انجنیئر مقرر کر کے موجودہ تنخواہ میں بیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔ اٹھارہ روپیہ ماہوار جو الاؤنس مقرر ہے وہ بدستور جاری رہیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر حاکم صاحب صدر۔ منظور حسین خان معاون اہل معاوضہ کی رخصت یکماہ بعوض سید اعجاز علیخان امیدوار بتنخواہ سات روپیہ ماہوار بموجب قرارداد باضابطہ منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۹ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

صیغہ واٹر ورکس میں ہزارون روپے کا اسٹور ہو۔ کریم انچارج واٹر ورکس کو بوجہ دیگر ضروری سرکاری کامونکے اسقدر مہلت نہیں ملتی کہ روزانہ اسٹور کی نگرانی کر سکیں۔ نیز اس صیغہ میں محرر بھی ایک ہی ہو۔ اسکی رخصت یا غیر حاضری کی صورت میں کام میں شورش کا اندیشہ ہو۔ اسلئے ضرورت ہو کہ ایک ایسا جدید شخص ملازم رکھا جائے جو روزانہ اسٹور کے حساب و حفاظت کی نگرانی کرتا رہے اور بوقت رخصت و غیر حاضری محرر واٹر ورکس کے اسکا کام بھی انجام دیا کرے۔ علاوہ اسکے صیغہ واٹر ورکس میں صرف ایک چوکیدار ہو جو کل کارخانہ میں شب کو وقتاً فوقتاً گشت کرتا رہتا ہو اسٹور کی حفاظت کیلئے یہ انتظام کافی نہیں ہو بلکہ ایک مستقل سپاہی کی ضرورت ہو کہ جسوقت اسٹور کیپر دروازہ بند کرکے جائے اس سپاہی کو قفل دکھا کر جائے اور سپاہی مذکور دوسرے روز اسٹور کھولنے تک اسٹور کے دروازہ پر موجود رہے نیز یہ کہ بالفعل جسقدر مال اسٹور سے برآمد ہوتا ہو وہ انچارج واٹر ورکس و حبیب اللہ مستری کے دستخطی پرچونسے دیدیا جاتا ہو اور پھر ان پرچونسے انڈنٹ مرتب کرکے اسپر ہمارے دستخط کرائے جاتے ہیں یا وہ بیلچہ نزدات مستقل میں سے جو رقم صرف کیجاتی ہو اُسکی چک پر بھی ہمارے دستخط کرائے جاتے ہیں اول تو برآمدگی مال کا یہ طریقہ بھی ٹھیک نہیں ہو دوسرے کو بکثرت کار ہمکو بھی مہلت کم ہو لہذا اسکا انتظام بھی ضروری ہو۔ لہذا

حکم ہوا کہ

آیندہ ایک انڈنٹ بک انچارج واٹر ورکس و حبیب اللہ مستری کے پاس رہے کہ جو سامان اسٹور سے منگانا ہو انڈنٹ بک پر درج کرکے ایک پرت انڈنٹ کا اسٹور کیپر کے پاس بھیجدیا کریں اور اسٹور کیپر ان انڈنٹوں کو فائل بک میں جمع کرتا رہے ہر مہینہ پر انڈنٹ کی کتاب سے انڈنٹوں کا مقابلہ کرا کے انچارج واٹر ورکس جانچ کرکے دستخط رجسٹر اسٹور پر کردیا کریں جسقدر چیزیں برآمدگی مال قطعاً بند کیجائے کسی انڈنٹ کا مال اسٹور سے برآمد نکیا جاتا وقتیکہ نگران اسٹور یا انچارج واٹر ورکس موجود نہ ہون نگران اسٹور ہر ہفتہ اسکی جانچ کرینگے کہ جسقدر انڈنٹ اسٹور میں آئے ہیں انکا باقاعدہ اندراج رجسٹر اسٹور میں ہوگیا ہو یا نہیں اور بعد جانچ کے دستخط رجسٹر اسٹور پر کردیا کرینگے اور اسکی بھی نگرانی رکھینگے کہ جو مال خرید ہوکر خواہ بیرونجات سے یا شہر سے آتا ہو اور روزانہ رجسٹر اسٹور میں درج کرلیا جائے۔ اسٹور کی حفاظت کی جو ذمہ داری بالفعل اسٹور کیپر کی ہو وہ بدستور رہیگی نگران اسٹور کے تقرر سے اسٹور کیپر کی ذمہ داری میں کوئی کمی نہوگی۔ نگران اسٹور سے انچارج واٹر ورکس جو مزید نگرانی وغیرہ کا لینا چاہیں وہ بھی نامبردہ کو انجام دینا ہوگا۔ اور ایام رخصت وغیرہ غیر حاضری محرر واٹر ورکس میں اسکا متعلقہ کل کام نگران اسٹور انجام دینگے۔ ایک سپاہی بمشاہرہ چھ روپے ماہوار حفاظت اسٹور کیلئے رکھ لیا جائے انچارج واٹر ورکس نام تجویز کرکے بغرض تقرر رپورٹ پیش کریں۔ آیندہ نزدات سے جو رقم خرچ کیجائے اسکی چک پر انچارج واٹر ورکس دستخط کیا کریں

اخلاص ضابطہ جاری ہون نقل روبکار ہذا درج گزٹ بھی کیجائے

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنڈنٹ ذات خاص۔ رخصت دو ماہ شہید علیخان روزنامچہ نویس بعوض حامد علیخان امیدوار منظور کی گئی۔

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۴ لغایتہ ۲۰ فروری ۱۹۱۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار		۱۰۵ ار	۱۰۹ ار		۱۶ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰۵ ار		۱۰۹ ار	۹ ار		۱۶ ار	
نخود گندم آمیز	۱۶ ار		۱۰۶ ار	۱۶ ار		۱۰۶ ار	
کنگنی	۱۰۶ ار		۱۶ ار	۱۰۶ ار		۱۰۷ ار	
ماش	۱۰۵ ار		۹ ار	۱۰۴ ار		۹ ار	
مونگ	۹ ار		۱۰۷ ار	۱۴ ار		۱۵ ار	
مکا	۱۰۷ ار		۱۰۷ ار	۱۶ ار		۷ ار	
جئی			۰	۱۰۸ ار		۷ ار	
گوجئی	۶ ار		۰	۰		۱۰۸ ار	
عدس	۹ ار		۰	۰		۷ ار	
ارہر	۱۶ ار		۰	۰		۷ ار	
برنج	برنج جنگلی ۴۰ ار ۱۵ ار		۱۴ ار	۱۴۰ ار		۱۵ ار	
روغن زرد	بے چشانگ		۱۰ ار	۱۰ ار		۰	
روغن سیاہ	۱۰۱ ار		۱۰۱ ار	۱۰۱ ار		۱۰۷ ار	
روغن کنجد	۱۰۱ ار		۱۰۱ ار	۸ ار		۱۱ ار	
نمک سانبھر	۱۰۱ ار		۱۱۰ ار	۱۰۸ ار		۱۱۰ ار	
نمک لاہوری	۵ ار		۱۶ ار	۱۵ ار		۱۶ ار	
قند سیاہ	۱۳ ار		۱۲ ار	۱۳ ار	۰	۱۲ ار	
باجرہ	۱۰۹ ار		۷ ار	۰	۰	۱۷ ار	